


نیو یارک اسٹیٹ میں انگریزی زبان کے متعلمین/ کثیر لسانی متعلمین کے لیے کالج تک رسائی کے لیے ایک رہنما

## کالج کے لیے درخواست دینے کا قدم بہ قدم طریقہ

1. کالج کے لیے آمادگی پر گفتگو کرنے کے لیے 9th گریڈ میں ہی ہائی اسکول کے رہنمائی مشیر سے رابطہ کریں اور پھر ان سے باقاعدگی سے ملتے رہیں۔
2. SAT یا ACT دیں اور اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں۔
3. اپنے اہداف سے مماثلت رکھنے والے کالج/یونیورسٹیاں تلاش کریں۔
4. اساتذہ اور اسکول صلاحکاران سے 2-3 سفارشی خطوط حاصل کریں۔
5. اپنے گریڈز اور امتحان کے اسکور کی باضابطہ کاپیاں بھیجنے کے لیے تیار رکھیں۔ (اگر آپ کے اسکولی ریکارڈ انگریزی میں نہیں ہیں تو اپنے ڈپلوما اور ٹرانسکرپٹ کے مصدقہ تراجم حاصل کریں۔)
6. خود کو یہ معلوم ہونے کو یقینی بنائیں کہ درخواست دینے کے لیے ہر کالج کو کیا کچھ مطلوب ہے اور آخری تاریخیں کیا ہیں۔
7. اپنی درخواست پر مطلوبہ معلومات پُر کریں: نام، پتہ، ای میل، شہریت/ویزا کی حیثیت، کنبہ جاتی معلومات، نسلی شناخت پوچھنے والا اختیاری سیکشن، ازدواجی حیثیت اور وہ ذاتی معلومات جو آپ کے بین الاقوامی طالب علم اور/یا نسلی اقلیت ہونے کی صورت میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں، تعلیمی ڈیٹا، ہائی اسکول، صلاحکار کا نام اور رابطے کی معلومات، سابقہ اسکول جہاں زیر تعلیم تھے اور کالج کے وہ کورسز جو ممکن ہے آپ نے لیے ہوں، SAT اور/یا ACT امتحان کے اسکور (اور یقینی بنائیں کہ کالج/یونیورسٹیاں ٹیسٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے آپ کے باضابطہ امتحان کے اسکورز وصول کرتی ہیں)
8. ہائی اسکول کی اپنی حصولیابیوں: تعلیمی اعزازات، اضافی نصابی سرگرمیوں، رضاکارانہ سرگرمیوں اور منفرد کامیابیوں کی بابت معلومات فراہم کریں۔ اپنے ان اضافی پروگراموں یا کلاسوں کے بارے میں لکھیں جو آپ نے کیے ہیں نیز جو نوکریاں آپ نے کی ہیں تاکہ سخت محنت کرنے کے تئیں آپ کی انحصار پذیری اور آمادگی کا پتہ چلے۔
9. اکثر کالجوں کو دو انشائیے یا "ذاتی بیانات" — ایک مختصر اور ایک اس سے بڑے مطلوب ہوں گے۔ عمومی درخواست آپ کی اضافی نصابی یا عملی سرگرمیوں میں سے ایک پر 150 یا اس سے کم الفاظ کے ایک انشائیہ اور 250-500 الفاظ کے ایک اور انشائیے کا تقاضا کرتی ہے۔ لمبے انشائیے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ ایک ایسے فرد کے بارے میں لکھیں جس نے آپ پر زبردست اثر ڈالا ہے؛ کوئی اہم ذاتی، مقامی، ملکی یا عالمگیر ایونٹ؛ یا آپ میں کون سی ایسی ذاتی لیاقتیں ہیں جو کالج کی تکثیریت میں اضافہ کرتی ہیں۔ خود کو بہترین روشنی میں پیش کرنے کے لیے تحریری معلمین کے ساتھ ان انشائیوں کی مشق کریں۔
10. طالب علم کے داخلے کے انٹرویو مطلوب ہو سکتے ہیں۔
11. ہم میں سے بیشتر افراد، یقینی بناتے ہیں کہ آپ اپنی دو لسانیت پسندی اور آپ کو نمایاں حیثیت دینے والے تجربوں پر زور دیتے ہیں۔

## کالج کی اپنی تعلیم کے لیے ادائیگی کرنا

امریکی محکمۂ تعلیم 15 ملین سے زائد طلبہ کو گرانٹس، کام اور مطالعہ کے لیے فنڈز اور کم سود والے لون کی مد میں ایک سال میں قریب 150$ بلین دیتا ہے۔

**وفاقی اور ریاستی وسائل** – وفاقی حکومت کی معرفت اہل طلبہ کے لیے رقم دستیاب ہے۔ مالی ضرورت ظاہر کرنے کے لیے طلبہ/اہل خانہ کو FAFSA مکمل کرنا ضروری ہے۔

**ادارہ جاتی (کالج)** – رقم کے مدنظر ہر کالج کی خود اپنی اسکالرشپ درخواست ہے جو اسکول کی معرفت دی جاتی ہے۔ رقم تعلیمی حصولیابی، ہنر (ایتھلیٹکس، موسیقی وغیرہ)، منفرد طالبانہ خصوصیات وغیرہ کی بنیاد پر دی جاتی ہے۔

**نجی اسکالرشپس** – ملک بھر میں ہزاروں نجی اسکالرشپس موجود ہیں۔ اسکالرشپس ضرورت یا تعلیمی لیاقت کے علاوہ کئی ایک خصوصیات کے مدنظر دی جاتی ہیں۔ بین الاقوامی طلبہ یا دوسری زبانیں بولنے والے طلبہ کے لیے اسکالرشپس تلاش کریں۔

کالج جانے کی لاگت کا اثر ان کالجوں پر پڑے گا جن میں آپ درخواست دیں گے۔ صحیح سوالات پوچھنا یقینی بنائیں:

- میں کتنا ادا کروں گا؟ میری کل قیمت کتنی ہے؟
- میں کس طرح ادا کروں گا؟ کیا میری ڈگری میرا قرض واپس ادا کرنے کے لیے کافی آمدنی اور کیریئر کے مواقع فراہم کرتی ہے؟
- کیا میں اسکالرشپس یا گرانٹس پانے کا اہل ہوں؟
- کیا میں وفاقی طالبانہ امداد کا اہل ہوں؟
- ادارے کے لیے سند یافتگی یا تکمیل کی شرح کیا ہے؟
- کیا میں اپنے لون ادا کر سکوں گا؟

LEHMAN COLLEGE · BRONX INSTITUTE · CUNY · New York State Education Department, Board of Regents

نیو یارک کے ریاستی محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لسانیات (Office of Bilingual Education and World Languages) کی جانب سے سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے لیہمن کالج میں واقع برونکس انسٹی ٹیوٹ کا تیار کردہ

## ایک ہدف مقرر کریں

ہدف کے طور پر کالج کی تعلیم کا انتخاب کرنے کی بہت ساری وجوہات ہیں۔ یہ چارٹ زندگی بھر میں ہر ڈپلوما کی قدر کو دکھاتا ہے۔ اگر امیدوار دو لسانی ہو تو یہ اعداد بڑھ سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| صرف ہائی اسکول ڈپلوما = $1.30 ملین | $1.30 ملین |
| کچھ کالج = $1.55 ملین | $1.55 ملین |
| بیچلرز ڈگری = $2.27 ملین | $2.27 ملین |
| ماسٹرز ڈگری = $2.67 ملین | $2.67 ملین |
| ڈاکٹریٹ ڈگری = $3.25 ملین | $3.25 ملین |
| پروفیشنل ڈگری = $3.65 ملین | $3.65 ملین |

**کالج گریجویٹس اپنی پوری زندگی میں ہائی اسکول گریجویٹ سے کم از کم لاکھوں ڈالر زیادہ کماتے ہیں!**

Carnevale, A.P., Rose, S.J. and Cheah, B. (2011) ***The College Payoff: Education, Occupations, Lifetime Earnings.*** Center for Education and The Workforce, Georgetown University.

Pew Research Center, February, 2014, **"The Rising Cost of Not Going to College"** (http://www.pewsocialtrends.org/2014/02/11/the-rising-cost-ofnot-going-to-college/)

### کالج گریجویٹس...

...میں بیروزگاری کی شرح کم ہے
...کو بہتر صحت کا تجربہ ہوتا ہے
...ایسے دلچسپ کیریئرز تلاش کرتے ہیں جو ان کی کمائی کے امکانات کو بڑھاتے ہیں
...خوشی کی اعلی تر سطحوں کی رپورٹ کرتے ہیں
...کمیونٹی میں زیادہ سے زیادہ شرکت کرتے ہیں جیسا کہ اعلی تر ووٹنگ اور رضاکارانہ خدمت پسندی کی شرحوں سے دیکھنے میں آیا ہے
...میں گھر کی ملکیت کی اعلی تر شرح ہوتی ہے، اور
...اسکول میں اعلی تر گریڈز حاصل کرنے میں اپنے بچوں کی مدد کر سکتے ہیں

## اپنے صحیح کالج کا انتخاب کرنا

ایک ایسا کالج منتخب کریں جو آپ کی پسند کے مستقبل کے لیے تیاری کرنے میں آپ کی مدد کرے۔ یاد رکھیں کہ کالج جانے کا فیصلہ آپ کا اور آپ کی مرضی سے ہونا چاہیے۔ ٹیلیویژن اور دیگر ذرائع ابلاغ، کلاس کے ساتھیوں اور دوستوں، اہل خانہ اور اساتذہ کے اثر و رسوخ کو آپ کو کسی اور سمت میں نہ لے جانے دیں۔ یہ فیصلہ آپ کے لیے کوئی اور نہیں کر سکتا ہے۔ بالآخر آپ کے ذریعہ کیے گیے انتخاب کے ساتھ آپ کو زندگی گزارنے کا اہل ہونا ہے۔

**اسکول میں اپنے مطالعوں کے بارے میں سوچیں اور جس چیز میں آپ سب سے زیادہ کامیاب ہیں اور جسے کرنے میں آپ کو لطف آتا ہے اس پر غور کریں۔**

**آپ کی دلچسپیاں، لیاقتیں، رجحانات، پسند اور ناپسند کیا ہیں؟**

**کون سی کلاسیں آپ کی من پسند ہیں؟ . . . اور کیوں؟**

### اپنی بہترین موافقت تلاش کرنا

اپنی دلچسپیوں اور رجحانات کی نشاندہی کر لینے کے بعد، آپ یہ پتہ کر سکتے ہیں کہ کس کالج کی ثقافت آپ کے لیے بہتر طور پر موزوں ہے۔

کیا جو کالج آپ کے زیر غور ہے وہ آپ کے آموزشی طرز سے مطابقت رکھنے والے انداز میں پڑھاتا ہے؟ کیا آپ 200 سے زائد طلبہ کے بڑے سے لیکچر ہال میں یا 10 سے کم طلبہ کے چھوٹے گروپوں میں بہتر ڈھنگ سے سیکھتے ہیں؟ کیا آپ تحریری اسائنمنٹس، آن لائن سرگرمیوں، پیشکشوں یا گروپ پروجیکٹوں کے ساتھ بہتر ڈھنگ سے سیکھتے ہیں؟

کالجوں میں طلبہ کے لیے مختلف پروگرام، سہولیات اور وسائل، مواقع، فیکلٹی کی مہارت اور مالی تعاون کے اختیارات ہوتے ہیں۔ کالجوں کی قدر پیمائی ان کی سند یافتگی، برقراریت اور کیریئر پلیسمنٹ کی شرحوں؛ ترق (ڈگری حاصل کرنے میں لگنے والے وقت) کی شرحوں اور گریجویٹ اسکولوں میں داخلہ اور دیگر اہم عوامل کے مدنظر کی جاتی ہے۔ کالج کا انتخاب کرنے میں جغرافیائی مقام ایک اہم عامل ہوتا ہے۔ کیا آپ گھر سے دور رہنے کے لیے تیار ہیں یا آپ کو اپنے اہل خانہ کا روزمرہ کا تعاون درکار ہے؟ کیا آپ کو اپنے کالج کی کمیونٹی میں اطمینان ہے؟ کیا ایسے لوگ (طلبہ یا فیکلٹی) موجود ہیں جو آپ کی گھریلو زبان بولتے ہیں یا آپ کی ثقافت سے تعلق رکھتے ہیں؟ کیا تکثیریت موجود ہے؟

بہت سارے کالج ورچوئل آن لائن ٹورز پیش کرتے ہیں تاکہ آپ اس ضمن میں اولین تاثر حاصل کر سکیں کہ آیا آپ اس کالج کے مخصوص ماحول میں فٹ ہو پائیں گے یا نہیں۔ کیا چیز درست محسوس ہوتی ہے اس کا ایک شعور حاصل کرنے کے لیے طلبہ کو کئی ایک مختلف اسکولوں کا دورہ کرنا چاہیے۔

ایسے کالج تلاش کریں جہاں انگریزی زبان کے متعلمین/کثیر لسانی متعلمین کے لیے (عموماً لرننگ سنٹر یا رائٹنگ لیب میں) بہترین تعلیمی تعاون کے وسائل موجود ہوں۔

## نیو یارک اسٹیٹ میں اور اس سے ماوراء کالجز

نیو یارک سٹی میں سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک (City University of New York, CUNY) کے 24 کیمپس نیز 11 سینئر کالج (4 سال)، 7 کمیونٹی کالج، گریجویٹ سنٹر، گریجویٹ اسکول آف جرنلزم، اسکول آف پبلک ہیلتھ، لاء اسکول اور اسکول آف پروفیشنل اسٹڈیز ہیں۔

پورے نیو یارک اسٹیٹ میں اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک (State University of New York, SUNY) کے 64 ادارے ہیں، جس میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری دینے والے 10 یونیورسٹی مراکز اور ادارے؛ 13 یونیورسٹی کالج؛ 8 ٹیکنالوجی کالج اور 30 کمیونٹی کالج شامل ہیں۔

کونسل فار انڈیپنڈنٹ کالجز اینڈ یونیورسٹیز کی فہرست میں نیو یارک اسٹیٹ میں 108 نجی کالج اور یونیورسٹیاں ہیں۔

اس کے علاوہ، شمال مشرق علاقہ میں 439 مزید کالج اور یونیورسٹیز ہیں —کنیکٹیکٹ (46)، مائن (30)، میساچوسیٹس (113)، نیو ہیمپشائر (20)، نیو جرسی (44)، پنسلوانیہ (130)، رھوڈ آئلینڈ (13) اور ورمونٹ (23)۔ امریکی محکمۂ تعلیم (U.S. Department of Education) نے ریاستہائے متحدہ میں 4,626 کالجوں اور یونیورسٹیوں کی گنتی کی ہے۔

**لہذا آپ کے لیے ایک صحیح کالج یقیناً موجود ہے۔**

ان سوالوں کا جواب دینے اور ان مفت سائٹس کا استعمال کرنے کی تحقیق کرنے کا طریقہ اپنے ہائی اسکول رہنمائی مشیر سے سیکھیں:

collegecost.ed.gov/scorecard
nces.ed.gov/collegenavigator/
costoflearning.com
Collegeboard.com
Fastweb.com
Scholarships.com
usnews.com/rankings

### ایک منصوبہ بنائیں

کالج سطح کے کام کے لیے تیار ہونے کے لیے...
...الیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکول میں انگریزی، ریاضی، سائنس، سماجی علوم، لسانیات اور آرٹس میں چیلنج بھرے کورس کا کام لیں
...جن مضامین میں آپ اچھے ہیں اور جن مضامین میں آپ کو اعانت درکار ہو سکتی ہے انہیں پتہ کریں
...مطالعہ کرنے کا طریقہ جانیں، امتحانات دیں اور پروجیکٹوں کو مؤثر طریقے سے مکمل کریں
...جس کیریئر میں آپ کی دلچسپی ہے اس کا فیصلہ کریں اور اپنے کردہ کیریئر میں داخل ہونے کے لیے آپ کو جو چیز درکار ہوگی اسے دریافت کریں

# روڈ میپ

# برائے

# کالج

نیو یارک اسٹیٹ میں انگریزی زبان کے متعلمین/ کثیر لسانی متعلمین (ENGLISH LANGUAGE LEARNERS/ MULTILINGUAL LEARNERS) کے لیے کالج تک رسائی کے لیے ایک رہنما

## گریڈ سطح: مڈل اسکول — 6، 7، 8

### تعلیمی
- کلاس میں اپنی بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں، محنت سے پڑھیں، سبھی اسائنمنٹس مکمل کریں اور اچھے گریڈز (A's اور B's) حاصل کریں۔
- حاضری کی اچھی عادتیں ڈالیں اور ان پر کاربند رہیں۔
- مطالعہ کی اچھی عادتیں ڈالیں اور انگریزی میں نیز اپنی گھریلو زبان میں روزانہ اپنے پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے کی اہلیتیں بہتر بنائیں۔
- ہائی اسکول کے لیے تیاری کرنے کے واسطے چیلنج بھری اور دلچسپ کلاسیں لیں۔
- اسکول میں اور معیاری امتحانات میں اچھی کارکردگی دکھانے کے لیے سخت محنت کریں۔ اگر آپ کو مدد درکار ہو تو استاد، ٹیوٹر یا صلاحکار کے پاس جائیں اور خود کو درکار زائد وقت نکالیں۔ بہتر طالب علم بننے کے لیے اسٹڈی گروپ میں شامل ہوں۔
- انگریزی میں نئی معلومات یا فرہنگ الفاظ سے ربط بنانے کے لیے اپنی گھریلو یا ابتدائی زبان استعمال کرنے کے طریقے تلاش کریں۔
- اپنی انگریزی اور گھریلو زبان میں اصلاح کرتے رہنے کے لیے اپنے کلاس روم، دو لسانی اور ESOL استاد سے رابطہ قائم کریں اور ان کے ساتھ مل کر کام کریں۔

### اضافی نصابی اور کام
- جن اضافی نصابی سرگرمیوں، رضاکارانہ پروجیکٹوں اور اسپورٹس میں آپ کو لطف آتا ہے ان میں شرکت کریں۔
- اساتذہ کی تجویز کردہ موسم گرما کی مطالعہ کی فہرست سے انگریزی میں اور/یا اپنی گھریلو زبان میں کتابیں پڑھیں۔
- موسم گرما کے پروگراموں میں شرکت کریں۔
- دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے، TV دیکھنے یا ویڈیو گیمز کھیلنے کے علاوہ، کلب، اسپورٹس ٹیم، پرفارمنگ آرٹس پروگرام یا کمیونٹی سروس گروپ میں شامل ہوں اور اپنی سبھی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھیں۔ خود اپنی اہلیتوں کو بڑھانے، مزے کرنے اور دوسرے لوگوں کی مدد کرنے کے علاوہ، ذاتی خوبیوں، قائدانہ اہلیتوں اور دلچسپیوں کو فروغ دینے میں آپ کی کوشش کو کالجوں اور مستقبل کے آجروں کے ذریعہ مثبت انداز میں دیکھا جائے گا۔
- سوشل میڈیا کی اپنی شبیہ صاف ستھری بنائیں۔ کوئی ایسی پریشان کن یا بیہودہ تصاویر، ویڈیوز یا تبصرے ہٹا دیں جو آپ کو کالج میں قبول کیے جانے یا امکانی اسکالرشپس سے نا اہل قرار دے سکتی ہوں۔

### کالج کے لیے تیاری
- اپنے مستقبل کے لیے کیریئر کے مواقع کے بارے میں سوچیں۔
- اہم دستاویزات اور نوٹس (رپورٹ کارڈز، انعامات اور اعزازات کی فہرست، رضاکارانہ سرگرمیوں کی فہرست، بامعاوضہ کام، وغیرہ کی نقول) کی فائل سنبھال کر رکھیں۔
- اپنے اہل خانہ سے اور اسکول میں موجود افراد سے بات کریں تاکہ انہیں آپ کے اہداف اور امنگوں کو سمجھنے میں مدد ملے۔
- آپ کی دلچسپی کے شعبوں یا اسکولی ترجیحات پر فوکس کرنے والے ہائی اسکولوں یا خصوصی پروگراموں کی تحقیق کرنے کے لیے اپنے والدین، سرپرست یا اسکولی صلاحکار سے مدد حاصل کریں۔
- کالج کی لاگت یا اپنی تعلیم کی فائنانسنگ کے طریقے کے بارے میں اپنے والدین/ سرپرست سے معلومات حاصل کریں۔
- اپنی دلچسپیوں کو بڑھانے اور نئے لوگوں سے ملنے جلنے کے لیے اسکول یا کمیونٹی پر مبنی سرگرمیوں میں شامل ہوں۔
- اپنے والدین کے ساتھ دستیاب اسکالرشپس اور مختلف مالی اعانت کی تحقیق کریں۔

## گریڈ سطح: ہائی اسکول کا فریشمین/ سوفومور سال — 9

### تعلیمی
- اپنی تعلیمی پیشرفت کا جائزہ لینے اور خود کو درکار اضافی مدد حاصل کرنے کے لیے اپنے اسکولی صلاحکاروں اور اساتذہ کے ساتھ کام کریں (کسی ٹیوٹر کی نشاندہی کریں، ہوم ورک میں مدد لیں، یا تعلیمی تعاون فراہم کرنے کے لیے کوئی آفٹر اسکول پروگرام تلاش کریں)۔
- اپنے چار سالہ کورس کے منصوبے کا جائزہ لیں اور آئندہ سال آپ کو جو کلاسیں لینی ہیں انہیں منتخب کریں۔ ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (Advanced Placement, AP) کی کلاسوں کے بارے میں پتہ کریں اور موسم گرما کی سرگرمیوں کے لیے منصوبے بنائیں۔ اگر دستیاب ہوں تو AP کورسز اپنی گھریلو زبان میں کریں۔
- PSAT امتحان کے لیے تیاری کریں۔

### اضافی نصابی اور کام
- اپنے کیریئر کی دلچسپیاں دریافت کرنے کے لیے اسکول یا کمیونٹی پر مبنی سرگرمیوں میں شرکت کریں۔
- اپنا ہائی اسکول ریزیومِ شروع کریں جس میں آپ کے انعامات، اعزازات، بامعاوضہ اور رضاکارانہ کام اور اضافی نصابی سرگرمیاں درج ہوں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ایک بار آور موسم گرما ہے: کام کریں، رضاکارانہ کام کریں یا موسم گرما کا کورس (مقامی کالج میں یا اس سے الگ) کریں۔
- کالج درخواست دہندہ کے طور پر اپنی سنجیدگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے ایک "ہر کام" والا ای میل اکاؤنٹ تشکیل دیں۔

### کالج کے لیے تیاری
- اپنے اسکولی صلاحکار یا اساتذہ سے پوچھیں کہ کیریئر کی تلاش کی کون سی سرگرمیاں اسکول میں دستیاب ہیں۔ ان سے پوچھیں کہ آپ ایک تاحیات دلچسپی کو ہائی اسکول، کالج کی معرفت اور کیریئر کی راہ میں کس طرح تبدیل کر سکتے ہیں۔
- لوگوں کو بتائیں کہ آپ کو کام کرنے، رضاکارانہ کام کرنے اور آفٹر اسکول تعلیمی پروگراموں، موسم گرما کی ورکشاپس، اور فنون، سائنس یا پروگرامنگ کیمپس میں شمولیت اختیار کرنے میں دلچسپی ہے۔
- کالج کے لیے آمادگی کے کورسز اور ورکشاپس میں حاضر ہوں۔

## 10

### تعلیمی
- اپنے کریڈٹ کی جمع بندی، گریڈز اور ریجنٹس اسکور کا جائزہ لینے کے لیے اپنے اسکولی صلاحکار سے ملیں تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ آپ ہائی اسکول سے بروقت سند یافتگی اور کالج میں قبولیت کے تقاضے پورے کر رہے ہیں۔
- PSAT دے کر SAT کے لیے تیاری کریں۔
- سیل آف بائی لٹریسی (Seal of Biliteracy) حاصل کرنے کے ضمن میں کام کرنے کے لیے اپنی گھریلو زبان میں ترقی کے مواقع اختیار کریں۔
- اپنے صلاحکار کے ساتھ سند یافتگی کے مختلف طریقوں پر گفتگو کریں۔

### اضافی نصابی اور کام
- کالج کی لاگت کم کرنے کے لیے ہائی اسکول میں کالج کورسز (AP کورسز کے علاوہ) لینے کے مواقع تلاش کرنا شروع کریں۔
- کام کرنے، رضاکارانہ کام کرنے یا آپ کے کالج کی دلچسپیوں سے تعلق رکھنے والی انٹرنشپ (بامعاوضہ یا بلا معاوضہ) حاصل کرنے کے لیے ایک وسیلے کے طور پر اپنی گھریلو زبان استعمال کرنا نہ بھولیں۔

### کالج کے لیے تیاری
- لائبریری میں اور آن لائن ایسے کالج اور کیریئر کی تلاش کریں جن میں آپ کی دلچسپی ہو۔
- اپنے والدین کے ساتھ کالجوں میں میلوں اور اوپن ہاؤسز میں جائیں۔ ہائی اسکول کے طلبہ کے لیے کالج کے پروگرام جیسے کلبز تلاش کریں۔
- کالج کی زندگی کے بارے میں جاننے کے لیے کالج کے موجودہ طلبہ، فیکلٹی یا کالج کے مشیروں سے بات کریں

## گریڈ سطح: ہائی اسکول کا جونیئر/سینئر سال — 11

### تعلیمی
- PSAT/NMSQT کے لیے رجسٹریشن کروائیں اور اسے لیں۔ اپنے اسکولی صلاحکار سے مل کر PSAT/NMSQT کے اپنے اسکورز پر گفتگو کریں۔
- پتہ کریں کہ آیا آپ کے اسکول میں PLAN اور ACT پیش کیے جاتے ہیں۔
- جنوری ریجنٹس امتحانات کے لیے تیاری کریں۔
- جنوری اور فروری میں ہونے والے SAT پریپ کورس کا پتہ کریں اور اس کے لیے رجسٹر کریں: مئی یا جون میں SAT دینے کا منصوبہ بنائیں۔
- اگر آپ AP کورسز میں درج ہیں تو مئی میں ہونے والے امتحانات کے لیے تیاری کرتے رہیں۔
- اگر آپ کا ارادہ مئی SAT دینے کا ہے تو رجسٹریشن کے بارے میں سوالات کے ساتھ اپنے اسکولی صلاحکار سے ملیں۔
- کالج کے داخلہ امتحانات جیسے SAT، SAT کے متعلقہ مضمون کے امتحانات اور/یا ACT دیں۔

### اضافی نصابی اور کام
- کالج کی لاگت کم کرنے کے لیے ہائی اسکول میں مفت اور کم قیمت کے کالج کورسز لیتے رہیں۔
- اپنے کالج کی دلچسپیوں سے تعلق رکھنے والے شعبوں میں کام کرنا، رضاکارانہ کام کرنا یا انٹرنشپ کرنا جاری رکھیں۔
- کالج کے لیے تیاری کے مدنظر مقامی کمیونٹی کالجز میں چلنے والی سرگرمیوں سے خود کو مانوس کر لیں۔

### کالج کے لیے تیاری
- مالی امداد کےبارے میں جانیں اور اپنے والدین کے ساتھ مالی امداد کی ورکشاپس میں جائیں۔
- اسکالرشپس کے بارے میں اپنے اسکولی صلاحکار سے بات کریں۔
- موسم خزاں میں کالج میلوں میں جائیں اور کالج و کیریئر کے اختیارات کی تحقیق کرتے رہیں۔ NYS کے باشندوں کے لیے ٹیوشن میں تخفیف پیش کرنے والے نیو یارک اسٹیٹ کے کالجز کی تحقیق کریں۔
- اپنی دلچسپی والے کچھ کالجوں میں جائیں اور یہ نشاندہی کرنے کی کوشش کریں کہ آیا آپ چھوٹے یا بڑے کالج میں پھلنا پھولنا چاہیں گے۔
- آرام کرنا یاد رکھیں تاکہ آپ اپنی انتہائی کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔ ایک منصوبہ ترتیب دیں اور انتہائی مؤثر بننے اور تناؤ کو کم کرنے کے واسطے خود کو آگے بڑھائیں۔

## 12

### تعلیمی
- اپنے اسکولی صلاحکار سے باقاعدگی سے ملاقات کرکے سند یافتگی کے لیے لازمی کلاسیں کرنے کو یقینی بنائیں۔
- دوسری بار بھی SAT یا ACT دیں۔
- بنیادی الفاظ کا مطالعہ کرنے کے لیے (خاص کر رومانس کی زبانوں میں) اپنی گھریلو زبان استعمال کرکے اپنی فرہنگ الفاظ بڑھائیں۔
- اپنے کالج کے انشائیے کو نکھارنے کے لیے اپنے ESOL اساتذہ کے ساتھ کام کریں۔ اپنے انشائیے میں، اپنی خوبیوں، بشمول ذو خواندگی یا کثیر خواندگی، دوام اور عزم، چیلنجوں پر قابو پانے کی لیاقت اور قائدانہ اہلیتوں کو نمایاں کریں۔

### اضافی نصابی اور کام
- کالجوں میں درخواست دیں۔
- **موسم خزاں کے آخر تک:**
  - کالج کی اپنی فہرست کو حتمی شکل دیں۔
  - کالجوں کو اپنے باضابطہ امتحان کے اسکور بھیجیں۔
  - اپنی تمام درخواستوں کو حتمی شکل دیں اور جمع کرائیں۔
- **موسم سرما میں:**
  - اسکالرشپس کے لیے درخواست دیں۔
  - اپنے صلاحکار اور والدین کے ساتھ کام کرکے اپنا FAFSA جنوری 1- مارچ 2 پُر کرکے جمع کروائیں (جتنی جلدی کریں گے اتنا ہی بہتر ہوگا)۔
  - اپنی مدد کرنے والے ہر شخص کو شکریے کی پرچیاں بھیجیں (اور ان سے رابطہ بنائے رکھیں)۔ نوٹس لکھنے یا ان کا جائزہ لینے کے لیے اپنے اساتذہ کے ساتھ کام کریں۔
- **موسم بہار تک:**
  - کالجوں کی جانب سے اطلاع پائیں۔ 1 مئی تک اپنی ڈپازٹ بھیج دیں۔
  - اپنے سبھی امتحانات مکمل کریں۔
  - جشن منائیں۔

### کالج کے لیے تیاری
- کالج کی درخواستوں، مالی امداد اور اسکالرشپس کے لیے اہم تاریخوں اور آخری تاریخوں کا ریکارڈ رکھنے کے لیے ایک کیلنڈر بنائیں۔
- کالج کی معلومات کو ایک ساتھ فائل فولڈر میں رکھیں۔
- اپنے SAT، SAT مضمون کے امتحان، ACT امتحانات کے لیے رجسٹر کریں۔
- اپنے کالج کی درخواستوں کی فہرست کا جائزہ لیں اور درخواستیں پُر کرنا شروع کریں۔
- قبل از وقت فیصلہ/قبل از وقت کارروائی کے بارے میں اپنے اسکولی صلاحکار سے معلوم کریں۔
- دو یا تین سفارشی خطوط لکھوائیں۔
- کالج اور اسکالرشپ کی درخواستوں کے لیے اپنے انشائیوں کے اولین مسودے لکھیں۔
- اپنے اسکولی صلاحکار سے معلوم کریں کہ آیا آپ EOP/HEOP کی امداد کے لیے اہل قرار پاتےہیں۔

## وہ شعبے جن میں دو لسانی کارکنان درکار ہوتے ہیں

**تعلیم**
استاد، دو لسانی استاد، ENL معلم، رہنمائی مشیر

**مہمان نوازی**
دربان، ریسورٹ مینیجر، ہوٹل مینیجر، ڈیسک کلرک

**نگہداشت صحت**
فزیشن، اسپیشلسٹ، رجسٹرڈ نرس، پیرامیڈک، فزیشن کا معاون، گھر پر معاون صحت

**مالیات**
ٹیلر، مالی مشیر، انویسٹمنٹ بینکر، اکاؤنٹنٹ

**نقل و حمل**
ایئر لائن کے اہلکار، تعلقات عامہ کا اسپیشلسٹ، میڈیا ریلیشنز آفیسر

**لاء انفورسمنٹ**
پولیس آفیسر، تفتیش کار، سیکورٹی گارڈ، پروبیشن آفیسر، افسر برائے اصلاحات

**سماجی خدمت گار**
فیملی سوشل ورکر، ممنوعہ اشیاء کے بیجا استعمال سے متعلق سوشل ورکر، سوشل ورکر ایڈمنسٹریشن

**کسٹمر سروس**
سیلز کلرک، ڈیمانسٹریٹر، ریٹیل اسٹور سپروائزر، کمپیوٹر سپورٹ اسپیشلسٹ، کسٹمر سروس کا نمائندہ

**مواصلت**
مترجم، تعلقات عامہ کا اسپیشلسٹ، صحافی، میڈیا ریلیشنز آفیسر

## ہائی اسکول کی تعلیم ایک نظر میں

یہ وہ کم از کم کورسز ہیں جو نیو یارک اسٹیٹ میں سند یافتگی کے لیے ہائی اسکول میں آپ کو فی الحال لینا ضروری ہیں:

- 4 کریڈٹس انگریزی کے
- 4 کریڈٹس سماجی علوم کے
  - 2 عالمی تاریخ میں
  - 1 امریکہ کی تاریخ میں
  - .5 حکومت میں
  - .5 معاشیات میں
- 3 کریڈٹس ریاضی میں
- 1 کریڈٹ انگریزی کے علاوہ زبان (Language Other Than English, LOTE) کا
- 3 کریڈٹس سائنس کے
  - 1 لائف سائنس میں
  - 1 فزیکل سائنس میں
  - 1 لائف یا فزیکل سائنس میں
- 1 کریڈٹ ویژوئل آرٹس، موسیقی کا ڈانس اور/یا تھیئٹر کا
- 2 کریڈٹس جسمانی تعلیم کے
- .5 کریڈٹ صحت کے
- 3.5 کریڈٹس اختیاری کورسز میں

## فرہنگ الفاظ

**اضافی نصابی:** آپ کی مستقل کلاسوں کے باہر تعلیمی سرگرمیاں۔

**ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (Advanced Placement, AP):** ایک ایسا پروگرام جو ہائی اسکول میں رہتے ہوئے آپ کو کالج کریڈٹ دیتا ہے۔

**PSAT:** پریلیمنری اسکالسٹک اسیسمنٹ ٹیسٹ (Preliminary Scholastic Assessment Test) آپ کو SAT کے لیے تیار کرتا ہے۔

**انٹرنشپ:** ایک ایسا پروگرام جو نوکری یا کیریئر میں مبتدیوں کو تجربہ فراہم کرتا ہے۔

**کریڈٹ کی جمع بندی (Credit Accumulation):** وہ پیشرفت جو آپ ہائی اسکول سے سند یافتگی کے لیے خود کو درکار کریڈٹس کی تعداد کے ضمن میں کر رہے ہیں۔

**کالج میلہ:** ایک ایسی سرگرمی جس میں مختلف کالج اپنے اسکولوں کے بارے میں معلومات دینے کے لیے نمائندے بھیجتے ہیں۔

**NMSQT:** نیشنل میرٹ اسکالرشپ کوالیفائنگ ٹیسٹ (National Merit Scholarship Qualifying Test) طے کرتا ہے کہ آپ کالج اسکالرشپ کے لیے کتنی اچھی طرح اہل قرار پاتے ہیں۔

**SAT:** اسکالسٹک اسیسمنٹ ٹیسٹ (Scholastic Assessment Test) سے خواندگی، تحریر اور مسئلے کو حل کرنے کی اہلیتوں کی پیمائش ہوتی ہے تاکہ یہ طے کیا جائے کہ آپ کالج میں کتنی اچھی کارکردگی دکھائیں گے۔ کالج یہ فیصلہ کرنے کے لیے SAT کا استعمال کرتے ہیں کہ وہ آپ کو اپنے اسکول میں قبول کریں یا نہیں۔

**ACT:** امریکن کالج ٹیسٹنگ (American College Testing) کے امتحان سے انگریزی، ریاضی، مطالعہ اور سائنس میں کالج میں اچھی کارکردگی دکھانے کے آپ کی اہلیت کی پیمائش ہوتی ہے۔ کالج یہ فیصلہ کرنے کے لیے ACT کا استعمال کرتے ہیں کہ وہ آپ کو اپنے اسکول میں قبول کریں یا نہیں۔

**PLAN:** پریلیمنری ACT (Preliminary ACT) آپ کو ACT کے لیے تیار کرتا ہے۔

**EOP/HEOP:** ایجوکیشن اپارچونیٹی پرگرام/ہائر ایجوکیشن اپارچونیٹی پروگرام (Education Opportunity Program/Higher Education Opportunity Program) نیو یارک اسٹیٹ میں خود مختار کالجوں اور یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم نیو یارک اسٹیٹ کے باشندوں کو معاون خدمات اور مالی امداد فراہم کرتا ہے۔

**فری اپلیکیشن فار فیڈرل اسٹوڈنٹ ایڈ FAFSA (Free Application for Federal Student Aid, FAFSA):** ایک فارم ہے جو وفاق اور ریاستی حکومت نیز، بیشتر کالجوں اور یونیورسٹیوں کی جانب سے طلبہ کی مالی امداد کے لیے درخواست دینے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔ حکومت آپ کے متوقع کنبہ جاتی تعاون (expected family contribution, EFC) کا تعین کرنے کے لیے آپ کے FAFSA سے حاصل شدہ معلومات کو استعمال کرتی ہے۔ آپ www.fafsa.ed.gov پر FAFSA فائل کر سکتے ہیں۔

**عمومی درخواست:** عمومی درخواست 517 ممبر کالجوں میں سے کسی میں بھی کالج میں داخلے کی ایک درخواست ہوتی ہے۔

**کل قیمت:** کل قیمت یا فاضل لاگت کالج کی زیریں لائن والی لاگت ہوتی ہے۔ یہ حاضری اور گرانٹس کی لاگتوں کے بیچ کا فرق ہوتی ہے۔ یہ وہ آمدنی ہوتی ہے جو کالج کی لاگتوں کی تلافی کرنے کے لیے آپ کو بچتوں، آمدنی یا لون سے ادا کرنا ضروری ہے۔